قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز عہدے سے دستبردار

- اقبال امام عبوری ہیڈ کوچ مقرر

لاہور، 3 اکتوبر 2019ء:

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز نے نجی وجوہات کی بنیاد پر عہدے سے سبکدوش ہونے کا اعلان کردیا ہے۔ وہ آئندہ ہفتے نیوزی لینڈ واپس جارہےہیں۔

اکتوبر 2017 میں ذمہ داریاں سنبھالنے والے مارک کولز کا کنٹریکٹ آئندہ سال آسٹریلیا میں شیڈول آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ 2020 تک تھا۔

مارک کولز:

مارک کولز نے کہا کہ وہ بوجھل دل کے ساتھ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کے عہدے سے دستبردار ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے ساتھ کام کرنے کا لطف آرہا تھا تاہم اس وقت میرے اہلخانہ کو میری ضرورت ہے۔

مارک کولز نے کہا کہ طویل سوچ بچار کے بعد انہوں نے پاکستان کرکٹ بورڈ کو اپنے فیصلے سے آگاہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہاکہ آئندہ چند ماہ میں پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم کو اہم سیریز میں شرکت کرنی ہے جس کے پیش نظر میرے متبادل کی تعیناتی کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ کے لیے یہ بہترین وقت ہے۔

مارک کولز نے کہاکہ لاہور میں اپنے قیام کے دوران مجھے بھرپور لطف آیا۔ انہوں نے پی سی بی میں خواتین کرکٹ سے جڑے افراد کا شکریہ ادا کیا۔ مارک کولز نے کہا کہ میں پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم کی کھلاڑیوں کی ترقی اور بہتری کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان نےکہا کہ ہر شخص کی پہلی ترجیح اس کی فیملی ہوتی ہے اور ہم مارک کولز کی ذاتی مصروفیات کا احترام کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں نمایاں بہتری کے بعد مارک کولز کی دستبرداری کا دکھ رہے گا۔

مارک کولز کے دور کے دوران قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کامیابیاں:

- آئی سی سی ویمن چیمپئن شپ میں پانچویں پوزیشن پر موجود پاکستان کے آئی سی سی ویمن ورلڈکپ 2021 میں شمولیت کے روشن امکانات
- سری لنکا کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں 1-2 سے کامیابی
- سری لنکا کے خلاف ایک روزہ سیریز میں 0-3 سے کامیابی
- بنگلہ دیش کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں 0-3 سےکامیابی
- ویسٹ انڈیز کے خلاف ایک روزہ سیریز میں1-2 سے کامیابی
- جنوبی افریقہ کے خلاس ایک روزہ سیریز 1-1 سے برابر کی
- ثناء میرکا ایک روزہ کرکٹ میں پہلی بہترین باؤلر بننے کا اعزاز حاصل کرنا
- جویریہ خان کا ویمنز گلوبل ڈویلمپنٹ اسکواڈ کی قیادت کرنا
- ندا ڈار کا کسی بھی غیرملکی ٹی ٹونٹی لیگ کے لیے منتخب ہونے والی پہلی پاکستانی ٹیم شامل

پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ اقبال امام کو بنگلہ دیش کے خلاف سیریز کے لیے ٹیم کا عبوری ہیڈ کوچ مقرر کردیا ہے۔ سیریز 26 اکتوبر سے 4 نومبر تک لاہور میں جاری رہے گی۔مارک کولز کے متبادل کی تلاش کا آغاز مناسب وقت پر کردیا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4